Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

Fatwa and Competence: An Analytical Study from Traditional Principles and Standards to the Current System of Iftaa

فتویٰ اور اہلیت: روایتی اصولوں اور معیارات سے موجودہ نظام افتاء تک کا تجزیاتی مطالعہ

Muhammad Ashraf
MPhil Scholar, Faculty of Arts and Humanities, Department of Islamic Studies
Chaudhry Abdul Khaliq, Center for Contemporary Islamic Sciences (CAKCCIS)
Superior University, Lahore, Punjab, Pakistan
Email: qariashrafrazaraza@gmail.com

Dr.Hafiz.M.Mudassar Shafique
Assistant professor, Faculty of Arts and Humanities, Department of Islamic Studies
Chaudhry Abdul Khaliq, Center for Contemporary Islamic Sciences (CAKCCIS)
Superior University, Lahore, Punjab, Pakistan
Email: mudassaraarbi@gmail.com
Email: mudassar.shafique@superior.esu.pk

Abstract

Religious schools in the subcontinent have been carrying out the duty of promoting Islamic sciences and providing religious guidance to the Ummah for centuries. On the one hand, the schools preserved the sciences of the Quran and Sunnah and on the other hand, they provided guidance to Muslims in their collective and individual problems through jurisprudence and Ifta. In the present era, due to changing circumstances, modern scientific discoveries, economic and social changes, the need for reforms in the curriculum of the schools and their evolution in accordance with contemporary requirements is being felt. In this regard, the Mufti Courses of Madaris are an important practical effort, which aim to enable students to guide themselves in modern problems while continuing the tradition of Islamic jurisprudence. The curriculum of the Mufti courses consists mainly of authentic books of Hanafi jurisprudence, including books such as Hidayah, Radd-ul-Muhtar, Fatawa Alamgiri, Usul al-Shashi, and Nur al-Anwar. Studying them develops the ability of students to understand jurisprudential nuances, interpret texts and form an ijtihadist view on practical issues. In addition, the curriculum includes practice in writing fatwas so that students can directly form their opinions on real issues. At some points, modern jurisprudential discussions such as banking, usury, insurance, medical ethics and family law have also been included but the depth and breadth of these topics are still considered insufficient for contemporary requirements. In the modern era, where human society and technology are developing rapidly, the need for guidance from

OPEN ACCESS
CC BY

Sharia has increased even more. From this perspective, the positive aspects of the Mufti courses are that they firmly uphold the jurisprudential heritage, give students deductive skills, and provide practical training in writing fatwas.
Key words: Fatwa and Competence, Traditional Principles, Current System Of Iftaa, An Analytical Study

فتویٰ اسلامی قانون میں وہ شرعی رائے ہے جو کسی مستند عالم یا مفتی مخصوص مسئلے پر قرآن و سنت اور فقہی اصولوں کی روشنی میں دیتا ہے۔ اہلیتِ افتاء سے مراد وہ علمی اور اخلاقی صلاحیت ہے جو کسی شخص کو فتویٰ دینے کے قابل بناتی ہے۔ اسلامی علمی روایت میں اِفتاء کو ایک نہایت ذمہ دارانہ عمل سمجھا جاتا تھا اور اس کے لیے قرآن و حدیث کا گہرا فہم، اصولِ فقہ میں مہارت، فقہی مذاہب کا مطالعہ، عدالت و تقویٰ اور اجتہادی صلاحیت کو ضروری قرار دیا گیا۔ تاریخی طور پر مفتی کو علمی و روحانی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ معاشرتی رہنمائی کا مرکز سمجھا جاتا تھا اور ان کی تقرری یا اجازت معتبر علماء کی توثیق کے بغیر نہیں ہوتی تھی۔ تاہم عصرِ حاضر میں نظامِ افتاء کو جزوی طور پر ادارہ جاتی شکل دے دی گئی ہے اور مدارس و جامعات میں باقاعدہ دارالافتاء قائم ہیں جہاں فقہ و اصولِ فقہ کی تعلیم کے بعد تخصص فی الفقہ اور افتاء کی عملی تربیت دی جاتی ہے۔

فتوی کے لغوی معنٰی:

فتوی کا مادہ ہے "ف، ت، ی"۔ "فتوی" اور " فتیا" افتاء سے ماخوذ ہے۔ افتاء کے معنی کسی امر کو واضح کرنے کے ہیں "افتاہ الامر، ابانہ لہ"۔[1] " فتیا" تو "ف" کے پیش کے ساتھ ہی استعمال ہوتا ہے۔ "فتوی" فاء کے فتحہ اور ضمہ دونوں کے ساتھ آتا ہے، مگر زبر کے ساتھ زیادہ صحیح اور مشہور و مروج ہے اور اہل مدینہ کی لغت بھی یہی ہے۔ "الفتح فی الفتوی لاہل المدینۃ"[2]

علامہ زبیدی کا رجحان تو اس طرف ہے کہ " فتیا" ف کے پیش کے ساتھ ہونا چاہئے، اور " فتوی" کے زبر ساتھ ہی ہونا چاہئے۔[3] "فتوی" کا معنی ہے شرعی حکم، مفتی کا فیصلہ۔ صاحب مصباح نے لکھا ہے کہ: شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ، مگر زیادہ صحیح فتوی کے لغوی معنٰی یہ ہے کہ کسی سوال کا جواب دینا، چاہے وہ سوال کسی شرعی حکم کے متعلق ہو یا نہ ہو، جیسے قرآن کریم میں ہے:

[1] ۔ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروزآبادی، القاموس المحیط، مصر: مطبعہ میمنیہ، ص1702
[2] ۔ جمال الدین ابن الفضل محمد ابن منظور افریقی، لسان العرب، بیروت: دارالکتب العلمیہ، ص3347
[3] ۔ سید محمد مرتضیٰ الحسنی الزبیدی، تاج العروس، کویت: داراحیاء التراث العربی، 38/20

OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

" يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِی سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ"[4]

اے یوسف! اے صدق مجسم! آپ ہم لوگوں کو اس (خواب) کا جواب (یعنی تعبیر) دیجئے کہ سات گائیں موٹی ہیں۔

دوسری جگہ ہے:

"یٰۤاَ یُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِی فِیۤ اَمْرِیْ مَا کُنْتُ قَاطِعَةً اَمْراً حَتّٰی تَشْهَدُوْنِ"[5]

اے اہل دربار! تم مجھ کو اس معاملہ میں رائے دو (کہ ہم کو سلیمان علیہ السلام کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہئے اور) میں کسی بات کا قطعی فیصلہ نہیں کرتی جب تک کہ تم لوگ میرے پاس موجود نہ ہو۔

ان دونوں آیتوں میں یہ لفظ سوال کے جواب کے معنی میں مستعمل ہوا ہے احکام شرعی سے متعلق نہیں۔ قرآن مجید میں ''افتاء'' اور ''استفتاء'' کے الفاظ مجموعی طور پر گیارہ جگہ استعمال ہوئے ہیں۔ اور حدیث کی نو مشہور کتب جن کی فہرست سازی ''المعجم المفھرس'' میں کی گئی ہے، میں بارہ مواقع پر "فتیا" کا لفظ استعمال ہوا ہے۔[6]

فتوی کی اصطلاحی تعریف:

فتوی کا لغوی معنی تو کسی بھی سوال کے جواب دینے کا ہے، مگر اصطلاح میں شرعی سوال کے جواب کے لئے فتوی کا استعمال ہونے لگا۔ اور قرآن کریم میں بھی لفظ فتوی اس معنی میں مستعمل ہوا ہے، جیسے

"یَسْتَفْتُوْنَکَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِی الْکَلَالَةِ "[7]

لوگ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں آپ فرمادیجئے کہ اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے باب میں حکم دیتا ہے۔

دوسری جگہ ہے:

"یَسْتَفْتُوْنَکَ فِی النِّسَاءِ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِیْهِنَّ"[8]

لوگ آپ سے عورتوں کے بارے میں حکم دریافت کرتے ہیں آپ فرمادیجئے کہ اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں حکم دیتے ہیں۔

[4] ۔ یوسف 46:12
[5] ۔ النمل 32:29
[6] ۔ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، کتاب الفتاوی، لاہور، زمزم پبلیشرز، 217/1
[7] ۔ النساء 176:4
[8] ۔ النساء 127:4

OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

بعض اہل علم نے فتوی کی اس طرح تعریف کی ہے: علم فتوی وہ علم ہے جس میں جزئی واقعات کی بابت ماہر شریعت فقہاء سے صادر شدہ احکام مروی ہوں تاکہ آنے والے پست ہمت لوگوں کے لئے عمل سہل ہو۔

" قال فی مدنیۃ العلوم: ھو علم مروی فیہ الاحکام الصادرۃ عن الفقہاء فی الواقعات الجزئیۃ لیسھل الامر علی القاصرین من بعد ھم "۔[9]

فتوی کی اصطلاحی تعریف مختلف طریقے سے کی گئی ہیں۔علامہ قرافی فرماتے ہیں:

" الفتوی اخبار عن اللہ تبارک وتعالی فی الزام اوا باحۃ"۔[10]

یعنی اللہ تعالی کی طرف سے کسی امر کے لازم ہونے یا مباح ہونے کی خبر دینا فتوی ہے۔

علامہ بنانی رحمہ اللہ رقمطراز ہیں:

"الاخبار بالحکم من غیر الزام"۔[11]

یعنی لازم قرار دیئے بغیر کسی حکم کی بابت خبر دینے کو فتوی کہتے ہیں۔

علامہ حصکفی رحمہ اللہ کی عبارت سے ظاہر ہے کہ حکم کے بارے میں خبر دینے کا نام افتاء ہے۔

"الاان المفتی مخبر عن الحکم "۔[12]

ایک اور جگہ پر ہے:

"الاخبار بحکماللہ تعالی عنالو قائع بدلیل شرعی لمن سأل عنہ "۔[13]

پیش آمدہ واقعات کے بارے میں دریافت کرنے والے کو دلیل شرعی کے ذریعہ اللہ تعالی کے حکم کے بارے میں خبر دینے کو فتوی کہتے ہیں۔[14]

9 ۔ مولانا محمد حنیف گنگوہی، قرۃ العیون، انڈیا: حنیف بک ڈپو، سہارنپور، ص99

10 ۔ شہاب الدین احمد بن ادریس القرافی، کتاب الفروق، بیروت: مؤسسۃ الرسالۃ، 53/4

11 ۔ امام تاج الدین عبدالوہاب سُبکی شافعی، حاشیہ جمع الجوامع، بیروت: دارالکتب العلمیہ، 397/2

12 ۔ سید محمد امین ابن عابدین شامی، الدر المختار مع الرد المختار، بیروت، دارالمعرفہ، 176/1

13 ۔ ڈاکٹر مفتی احمد خان، آداب افتاء تلخیص شرح عقود رسم المفتی، کراچی: مکتبہ عمر فاروق، ص25

14 ۔ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، کتاب الفتاوی، لاہور، زمزم پبلیشرز، 219/1

OPEN ACCESS

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

تاریخ فتاوی:

عدالت کے متعلق یہ (افتاء) ایک نہایت ضروری صیغہ ہے جو آغاز اسلام میں قائم ہوا اور جس کی مثال اسلام کے سوا اور کہیں پائی نہیں جاتی۔ قانون کے جو مقدم اصول ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ ہر شخص کی نسبت یہ فرض کرنا چاہئے کہ قانون سے واقف ہے، یعنی مثلاً اگر کوئی شخص کوئی جرم کرے تو اس کا یہ عذر کام نہیں آسکتا کہ وہ اس فعل کا جرم ہونا نہیں جانتا تھا۔ یہ قاعدہ تمام دنیا میں مسلم ہے اور حال کے ترقی یافتہ ملکوں نے اس پر زیادہ زور دیا ہے۔ بلا شبہ یہ قاعدہ صحیح ہے، لیکن تعجب یہ ہے کہ اور قوموں نے اس کے لئے کسی قسم کی تدبیر اختیار نہیں کی۔ یورپ میں تعلیم اس قدر عام ہو چکی ہے، لیکن اس درجے کو نہیں پہنچ سکی اور نہ پہنچ سکتی ہے کہ ہر شخص قانون داں بن جائے، کوئی جاہل شخص قانون کا کوئی مسئلہ جاننا چاہے تو اس کے لئے کوئی تدبیر نہیں، لیکن اسلام میں اس کا ایک خاص محکمہ تھا جس کا نام ''افتاء'' تھا، اس کا یہ طریقہ تھا کہ نہایت لائق قانون داں یعنی ''فقہاء'' ہر جگہ موجود رہتے تھے اور جو شخص کوئی مسئلہ دریافت کرنا چاہتا تھا ان سے دریافت کر سکتا تھا۔ ان پر فرض تھا کہ نہایت تحقیق کے ساتھ ان مسائل کو بتائیں، اس صورت میں گویا ہر شخص جب چاہے قانون کے مسائل سے واقف ہو سکتا تھا اور اس لئے کوئی شخص یہ عذر نہیں کر سکتا تھا کہ وہ قانون کے مسئلے سے ناواقف تھا، یہ طریقہ آغاز اسلام میں خود بخود پیدا ہوا اور اب تک قائم ہے۔[15]

ملت اسلامیہ کے پہلے مفتی:

اس امت کے سب سے پہلے مفتی خود رسول الثقلین ﷺ کی ذات با برکت ہے اور یہ دولت آپ تک رب العزت کی طرف سے پہنچی۔ قرآن پاک میں افتاء کا لفظ خود رب العالمین کے لئے بھی مستعمل ہوا ہے جیسے { قُلِ اللّٰہُ یُفْتِیْکُمْ } آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں کہ اس آیت میں افتاء کی نسبت خود رب العزت جل مجدہ کی طرف کی گئی ہے، جس سے اس منصب کی جلالت شان کا اندازہ ہوتا ہے۔ اسلامی قانون میں فتویٰ اس شرعی رائے کو کہا جاتا ہے جو کوئی مستند عالم یا مفتی کسی خاص مسئلے میں قرآن، سنت اور فقہی اصولوں کی روشنی میں پیش کرتا ہے۔ اہلیتِ افتاء سے مراد وہ علمی و اخلاقی قابلیت ہے جو کسی شخص کو اس ذمہ داری کے قابل بناتی ہے کہ وہ دینی مسائل پر شرعی رائے دے سکے۔ اسلامی علمی روایت میں افتاء کو ہمیشہ ایک نہایت سنجیدہ اور ذمہ دارانہ عمل کے طور پر دیکھا گیا ہے، جس کے لیے قرآن و حدیث میں گہری بصیرت، اصولِ فقہ پر مہارت، مختلف فقہی مکاتبِ فکر کا علم، عدل و تقویٰ اور اجتہادی صلاحیت ضروری سمجھی جاتی تھی۔[16] تاریخ کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ مفتی صرف علمی شخصیت

[15] ۔ علامہ شبلی نعمانی، الفاروق، کراچی: دار الاشاعت، ص 241
[16] ۔ مفتی محمد مرشد قاسمی، عون المغنی شرح عقود رسم المفتی، بنگلور: مکتبہ فقیہ النفس، ص 27

OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

نہیں ہوتا تھا بلکہ اسے معاشرتی اور روحانی رہنمائی کا محور مانا جاتا تھا۔ ان کی تقرری ہمیشہ بااعتماد علماء کی اجازت اور توثیق سے ہوتی تھی۔ تاہم جدید دور میں نظامِ افتاء کو جزوی طور پر ادارہ جاتی شکل دے دی گئی ہے، اور اب مدارس و جامعات میں باقاعدہ دارالافتاء قائم ہیں جہاں فقہ و اصولِ فقہ کی تعلیم کے بعد تخصص فی الفقہ اور عملی تربیت دی جاتی ہے۔ ڈیجیٹل عہد میں آن لائن فتاویٰ، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اور عوامی دباؤ نے اس روایت کے دائرے کو وسیع بھی کیا ہے اور کہیں کہیں اہلیت کے روایتی معیار کو چیلنج بھی کیا ہے۔ ایسے میں یہ سوالات ابھر کر سامنے آتے ہیں کہ کیا قدیم معیارِ اہلیت موجودہ پیچیدہ معاشرتی، اقتصادی اور قانونی مسائل سے عہدہ برآ ہونے کے لیے کافی ہیں؟

کیا مدارس کا موجودہ نصاب ایسے مفتیان پیدا کر رہا ہے جو جدید دنیا کے علمی و عملی چیلنجز کا سامنا کر سکیں؟

اور کیا افتاء کے ادارے آج کی ضروریات کے مطابق شفافیت اور جواب دہی کے اصولوں پر پورا اترتے ہیں؟[17] اسلامی معاشرے میں فتویٰ ہمیشہ سے عوام اور افراد دونوں کی دینی و عملی زندگی کی رہنمائی کا ایک اہم ذریعہ رہا ہے، تاہم موجودہ دور میں اسکے اجرا اور اہلیت کے بارے میں متعدد نئے سوالات جنم لے چکے ہیں۔ ماضی میں اصولِ افتاء کے تحت مفتی کے لیے علمی قابلیت، تقویٰ، قرآن و سنت میں گہری بصیرت اور اجتہادی صلاحیت کو بنیادی شرائط میں شمار کیا جاتا تھا۔ مگر آج کے دور میں مدارس کے نصاب، تدریسی طریقہ کار اور فقہی تخصصات کے حوالے سے یہ بحث جاری ہے کہ آیا یہ ادارے ایسے مفتیان تیار کر رہے ہیں جو جدید معاشرتی، قانونی، طبّی اور اقتصادی مسائل کو شرعی اصولوں کے مطابق حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ اسی طرح، آن لائن فتاویٰ اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے فروغ نے فتویٰ کے ادارے کو عوامی دباؤ اور بعض سطحی رجحانات کے زیرِ اثر کر دیا ہے، جس کے باعث کئی مواقع پر علمی گہرائی اور استناد پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ اس کے ساتھ قانونی لائسنسنگ، سرکاری جواب دہی اور بین الاقوامی قانونی ہم آہنگی جیسے نئے چیلنجز بھی سامنے آئے ہیں جن پر مدارس کے موجودہ نظام میں خاطر خواہ توجہ نہیں دی جاتی۔[18] ان تمام عوامل کے پیشِ نظر نظامِ افتاء کو ایک جامع تنقیدی نظرِ ثانی کی ضرورت ہے تاکہ اس بات کا جائزہ لیا جا سکے کہ روایتی معیارِ اہلیت آج کس حد تک برقرار ہیں، مدارس کے نظام میں کون سی علمی یا عملی کمزوریاں موجود ہیں، اور کن اصلاحات کے ذریعے افتاء کے ادارے کو زیادہ مؤثر، شفاف اور عصری تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جا سکتا ہے۔ اسلامی معاشرے میں فتویٰ کا ادارہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر شرعی رہنمائی فراہم کرنے کا بنیادی ستون ہے، اسی لیے اس کے معیارات اور اہلیت پر تحقیقی جائزہ لینا نہایت اہمیت رکھتا ہے۔

[17] ۔ ڈاکٹر احمد محمد یوسف الدریوش، فتوی کے احکام وضوابط، اسلام آباد، شریعہ اکیڈمی، ص 22

[18] ۔ ڈاکٹر احمد محمد یوسف الدریوش، فتوی کے احکام وضوابط، اسلام آباد، شریعہ اکیڈمی، ص 23

OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
December 02, 2025

ماضی میں فتویٰ صرف ان علماء کے دائرہ کار میں تھا جو قرآن و سنت کے عمیق فہم، فقہی اصولوں کی مہارت اور اجتہادی صلاحیت کے اعلیٰ درجے پر فائز ہوتے تھے۔ مگر موجودہ دور میں معاشرتی، قانونی، سائنسی اور اقتصادی معاملات اتنے پیچیدہ ہو چکے ہیں کہ اب اس نظام کو جدید تقاضوں کے مطابق پرکھنا ناگزیر ہے۔ اگر اہلیتِ افتاء کے روایتی معیار اور مدارس کے نظامِ افتاء کو موجودہ حالات کے لحاظ سے ازسرِنو جانچا نہ جائے تو یہ خدشہ رہتا ہے کہ عوام تک ایسے غیر متوازن یا متضاد فتاویٰ پہنچیں جو دینی کنفیوژن اور سماجی انتشار کا سبب بن سکتے ہیں۔[19] یہ موضوع غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے کیونکہ فتویٰ اسلامی معاشرے میں شریعت کی عملی تعبیر اور عوامی رہنمائی کا بنیادی ذریعہ ہے۔ کسی معاشرے میں شرعی مسائل کا درست، متوازن اور قابلِ عمل حل اسی وقت ممکن ہے جب مفتی علمی و اخلاقی اعتبار سے مستحکم ہو اور روایتی و عصری دونوں معیاراتِ اہلیت پر پورا اترتا ہو۔ جدید دور میں سائنسی ترقی، سماجی پیچیدگیوں اور ٹیکنالوجی کی تیز رفتار پیش رفت نے ایسے بے شمار نئے مسائل کو جنم دیا ہے جن کے حل کے لیے صرف وہی عالم مؤثر ثابت ہو سکتا ہے جو قرآن و سنت کے عمیق فہم کے ساتھ ساتھ عصری علوم، قوانین اور سماجی حالات سے بھی گہری واقفیت رکھتا ہو۔ اس اہمیت میں مزید اضافہ اس وقت ہوتا ہے جب دیکھا جائے کہ آج فتاویٰ محض روایتی دارالافتاء تک محدود نہیں رہے بلکہ آن لائن پلیٹ فارمز اور سوشل میڈیا کے ذریعے براہِ راست عوام تک پہنچنے لگے ہیں۔ بدقسمتی سے بعض مواقع پر ایسے غیر مستند فتاویٰ بھی گردش کرتے ہیں جو علمی بنیادوں سے خالی ہوتے ہیں اور سماجی انتشار کا باعث بنتے ہیں۔[20] عصرِ حاضر میں فتویٰ کے ادارے کو جن نئے اور غیر معمولی چیلنجز کا سامنا ہے، وہ ماضی میں اس شدت کے ساتھ کبھی نہیں تھے۔ اگرچہ روایتاً اہلیتِ افتاء کے لیے قرآن و سنت کا گہرا فہم، اصولِ فقہ کی مہارت اور تقویٰ کو لازم سمجھا جاتا رہا ہے، تاہم آج کے پیچیدہ قانونی، سماجی اور عالمی حالات میں صرف یہی شرائط کافی نہیں رہیں۔ جدید دنیا کے ابھرتے ہوئے موضوعات جیسے بین الاقوامی تجارت، میڈیکل ایتھکس، خواتین کے حقوق، مالیاتی نظام اور ڈیجیٹل معیشت ایسے فتاویٰ کا تقاضا کرتے ہیں جو نہ صرف شریعت کے اصولوں پر استوار ہوں بلکہ عصری سائنسی و قانونی حقائق کو بھی مدِنظر رکھیں۔

فتویٰ کی ضرورت واہمیت:

فتویٰ کی تاریخ اُتنی ہی قدیم ہے جتنا کہ انسان خود ہے۔ ہر نبی اپنی اپنی امت کو ان کے شرعی سوالات کے جوابات دیتا رہا ہے۔ انبیاء کرام کا سلسلہ رسول اللہ ﷺ پر اختتام پذیر ہوا تو فتویٰ کی ذمہ داری راسخ العلم افراد کے سپرد ہو گئی۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے:

[19] ۔ مولانا محمد سلمان سکھروی، فتویٰ اور اس کے اصول وضوابط، کراچی: مکتبہ العلوم، ص38

[20] ۔ ڈاکٹر احمد محمد یوسف الدریوش، فتوی کے احکام وضوابط، اسلام آباد، شریعہ اکیڈمی، ص39

OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

"وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ إِلاَّ رِجَالاً نُّوحِي إِلَيْهِمْ فَاسْأَلُواْ أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ"[21]

اور (اے حبیبِ مکرّم!) ہم نے آپ سے پہلے (بھی) مردوں کو ہی (رسول بنا کر) بھیجا تھا ہم ان کی طرف وحی بھیجا کرتے تھے (لوگو!) تم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تم (خود) نہ جانتے ہو۔

ایک طرف عامۃ الناس کو اہل علم سے دریافت کرنے کا حکم دیا گیا ہے تو دوسری طرف علماء کو علم کی بات چھپانے پر سخت وعید سنائی گئی ہے۔ حدیثِ مبارکہ ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ أَلْجَمَهُ اللَّهُ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[22]

جس سے کوئی علمی بات پوچھی گئی اور اس نے چھپائی تو قیامت کے روز اللہ تعالی اسے آگ کی لگام لگائے گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی سنن ترمذی میں یہ روایت چند الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ یوں نقل کی گئی ہے:

"مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عَلِمَهُ ثُمَّ كَتَمَهُ أُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ"[23]

جس شخص سے کوئی علم کی بات پوچھی گئی اور اس نے جاننے کے باوجود اسے چھپا لیا قیامت کے دن اسے آگ کی لگام دی جائے گی۔ یہی وجہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے خود اپنی زندگی میں بھی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دوسرے علاقوں میں بھیجا تو اس بات کا اہتمام کیا کہ وہاں جا کر وہ لوگوں کے شرعی مسائل کا حل کریں۔ جیسے رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجنے کا ارادہ کیا تو ارشاد فرمایا: جب تمہارے سامنے مقدمہ پیش ہو گا تو کیسے فیصلہ کرو گے؟ آپ رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے کہ اللہ کی کتاب سے فیصلہ کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم اللہ کی کتاب میں بھی نہ پاؤ؟ آپ رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے کہ سنت رسول ﷺ سے کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر رسول اللہ ﷺ کی سنت میں نہ پاؤ اور نہ ہی اللہ کی کتاب میں تو تب؟ آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کی:

"أَجْتَهِدُ رَأْيِي وَلَا آلُو. فَضَرَبَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ صَدْرَهُ وَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي وَفَّقَ رَسُولَ رَسُولِ اللَّهِ لِمَا يُرْضِي رَسُولَ اللَّهِ"[24]

[21] ۔ الانبیاء، 7:21

[22] ۔ احمد بن حنبل، المسند، مصر: مؤسسۃ قرطب، 344/2، الرقم الحدیث 8514

[23] ۔ امام محمد بن عیسیٰ ترمذی، سنن ترمذی، کتاب العلم عن رسول اللہ ﷺ، باب ماجاء فی کتمان العلم، بیروت: دار احیاء التراث العربی، 29/5، الرقم الحدیث 2649

[24] ۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث، سنن ابوداود، کتاب الأقضیۃ، باب اجتهاد الرأي في القضاء، کویت، دار احیاء التراث العربی، 303/3، الرقم الحدیث 3592

OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

میں اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور حقیقت تک پہنچنے میں کوتاہی نہ کروں گا۔ تو رسول ﷺ نے ان کے سینے کو تھپکا کر فرمایا: خدا کا شکر ہے جس نے رسول ﷺ کے بھیجے ہوئے شخص کو اس چیز کی توفیق بخشی جو اللہ کے رسول کو خوش کردے۔ اور آپ ﷺ کے وصال مبارک کے بعد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے یہ ذمہ داری سنبھالی تو ایک بڑی تعداد نے افتاء کے منصب پر اپنے فرائض سر انجام دیئے۔ علامہ ابن لقیم رحمہ اللہ "اعلام الموعین" میں لکھتے ہیں:

"وَالَّذِينَ حُفِظَتْ عَنْهُمْ الْفَتْوَى مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةٌ وَنَيِّفٌ وَثَلَاثُونَ نَفْسًا"[25]

رسول اللہ ﷺ کے جن اصحاب سے فتاوی منقول و محفوظ ہیں، ان کی تعداد ایک سو تیس (130) سے کچھ زائد ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ صدرِ اسلام سے لیکر دورِ حاضر تک فتویٰ رہنمائی کا ذریعہ ہے اور قیامت تک رہے گا۔ اس لیے اہل علم و عرفان اور با عمل لوگوں کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا حکم سمجھ کر اس ذمہ داری پر براجمان ہونا چاہیے۔

مفتی کے لیے علمی اور اخلاقی معیار:

1۔ علمی معیار

- **قرآن، حدیث، فقہ، اصولِ فقہ، قواعد فقہیہ اور مقاصدِ شریعت پر گہری نظر رکھتا ہو۔**

قرآن، حدیث، فقہ، اصولِ فقہ، قواعدِ فقہیہ اور مقاصدِ شریعت پر گہری نظر رکھنا کسی بھی مفتی کے لیے بنیادی اور ضروری معیار ہے، کیونکہ فتویٰ دراصل اللہ اور رسول اللہ ﷺ کے حکم کی ترجمانی ہوتی ہے، جو بغیر مضبوط علمی بنیاد کے ممکن نہیں۔ قرآن کریم شریعت کا اصل منبع ہے اور حدیث اس کی تشریح و توضیح اسی لیے مفتی کو دونوں کا دقیق فہم ہونا چاہیے۔ فقہ اور اصولِ فقہ کی معرفت اسے یہ سمجھاتی ہے کہ احکام کیسے اخذ کیے جاتے ہیں اور مختلف مسائل میں دلائل کا وزن کس طرح متعین کیا جاتا ہے۔ قواعد فقہیہ مسائل کے تنقیح و تطبیق میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں جبکہ مقاصدِ شریعت کی معرفت مفتی کو یہ بصیرت دیتی ہے کہ کسی حکم کے پیچھے شریعت کا اصل مقصد کیا ہے اور فتویٰ دیتے وقت ان مقاصد کو کیسے ملحوظ رکھا جائے۔ اس جامع علمی اہلیت کے بغیر نہ صحیح مسئلے کی تفہیم ممکن ہے اور نہ زمانے کے بدلتے حالات میں درست فتوے کی رہنمائی۔[26]

[25]۔ امام ابن القیم الجوزی، اعلام الموقعین عن رب العلمین، بیروت، دار الجیل، 12/1

[26]۔ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، کتاب الفتاوی، لاہور، زمزم پبلیشرز، 178/1

OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
December 02, 2025

- **مجتہد نہ سہی مگر فقہاء کے فتاویٰ اور ان کی علتوں کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔**

اگرچہ مفتی کا مجتہد ہونا ضروری نہیں، لیکن اس میں یہ صلاحیت ضرور موجود ہونی چاہیے کہ وہ فقہاء کے فتاویٰ، ان کے دلائل اور ان کی بیان کردہ علتوں کو صحیح طور پر سمجھ سکے۔ یہ قابلیت اس لیے اہم ہے کہ ہر فقہی حکم کے پیچھے کوئی نہ کوئی اصول، علت یا اجتہادی بنیاد ہوتی ہے، جسے سمجھے بغیر فتویٰ دینا محض اقوال کی نقل کے مترادف رہ جاتا ہے۔ علت کو سمجھنے سے مفتی کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ وہ بدلتے ہوئے حالات، نئے تقاضوں اور معاصر مسائل میں فقہی اقوال کا درست اطلاق کر سکے اور یہ جان سکے کہ کس صورت میں کسی حکم کا اطلاق برقرار رہے گا اور کس صورت میں علت کی تبدیلی یا فقدان حکم میں تبدیلی کا باعث بن سکتی ہے۔ اسی فہم کے ذریعے مفتی روایتی فقہی ذخیرے کو موجودہ زمانے کے مسائل پر مؤثر طور پر منطبق کر سکتا ہے اور فتویٰ میں گہرائی، مضبوطی اور حکمت پیدا ہوتی ہے۔[27]

- **معتبر کتبِ فقہ، فتاویٰ اور جدید فقہی تحقیقات کا مطالعہ مسلسل جاری رکھے۔**

مفتی کے لیے ضروری ہے کہ وہ معتبر کتبِ فقہ، فتاویٰ اور جدید فقہی تحقیقات کا مسلسل مطالعہ جاری رکھے، کیونکہ فقہ ایک زندہ اور ارتقائی علم ہے جو بدلتے حالات کے ساتھ نئے پہلو سامنے لاتا رہتا ہے۔ اگر ایک مفتی اپنی علمی معلومات کو تازہ نہ رکھے تو وہ صرف قدیم مسائل تک محدود ہو جائے گا اور معاصر دور کے پیچیدہ سوالات کا درست جواب دینے کی صلاحیت کھو بیٹھے گا۔ کلاسیکی فقہی ذخیرہ اسے مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے، جب کہ جدید فقہی تحقیقات اسے نئے معاشی، سماجی، قانونی اور سائنسی مسائل میں شرعی اصولوں کے اطلاق کا طریقہ سکھاتی ہیں۔ اس مسلسل علمی مشغولیت کے ذریعے مفتی نہ صرف اپنے فتاویٰ میں مضبوط دلائل اور بصیرت پیدا کرتا ہے بلکہ امت کی رہنمائی بھی ایسے انداز میں کر سکتا ہے جو روایتی فقہ کی روح اور جدید زمانے کی ضروریات دونوں کے مطابق ہو۔[28]

- **معاصر مسائل اور جدید قانونی، معاشی، طبّی اور سماجی علوم سے بھی واقف ہو تاکہ درست فتوے کی راہ متعین ہو سکے۔**

معاصر مسائل اور جدید قانونی، معاشی، طبّی اور سماجی علوم سے واقفیت ایک مفتی کے لیے اس لیے ضروری ہے کہ آج کے دور میں پیش آنے والے مسائل صرف روایتی فقہی صورتوں تک محدود نہیں رہے، بلکہ وہ جدید سائنسی ترقی، اجتماعی نظاموں اور عالمی قانونی ڈھانچوں سے گہرا تعلق رکھتے ہیں۔ اگر مفتی ان جدید علوم کا کم از کم بنیادی

[27] ۔ ایضاً:، 180/1

[28] ۔ ایضاً:، 180/1

CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)

ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)

Published:
December 02, 2025

ادراک نہ رکھے تو وہ کسی مسئلے کی حقیقت، اس کے محرکات اور عملی اثرات کو صحیح طور پر نہیں سمجھ سکے گا، جس کے نتیجے میں فتویٰ یا تو غیر مؤثر ہوگا یا حالات کے مطابق نہ ہوگا۔ جدید علوم سے واقفیت مفتی کو یہ صلاحیت دیتی ہے کہ وہ مسئلے کی صحیح تصویر (تصویرِ مسئلہ) سامنے رکھ کر شریعت کے اصولوں کو اس پر درست اور معتدل انداز سے منطبق کرے۔ یوں فتویٰ نہ صرف شرعی دلائل کے مطابق ہوتا ہے بلکہ عملی طور پر نافذ اور معاشرتی لحاظ سے قابل قبول بھی بنتا ہے۔[29]

2۔ عملی معیار

- **فتویٰ دینے میں جلد بازی نہ کرے، مسئلے کی تحقیق، تنقیح اور پوری تصویر سمجھ کر جواب دے۔**

فتویٰ دینے میں جلد بازی سے بچنا مفتی کی علمی دیانت اور ذمہ داری کی علامت ہے، کیونکہ فتویٰ محض ایک جواب نہیں بلکہ شریعت کی طرف سے رہنمائی کا اعلان ہوتا ہے۔ اگر مسئلے کو سمجھے بغیر فیصلہ دے دیا جائے تو اس سے نہ صرف غلط فہمی پیدا ہوتی ہے بلکہ شریعت کی غلط ترجمانی کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اسی لیے مفتی کے لیے ضروری ہے کہ ہر سوال کی مکمل تحقیق کرے، متعلقہ پہلوؤں کی تنقیح کرے اور صورتِ مسئلہ کی پوری تصویر واضح کرنے کے بعد ہی حکم بیان کرے۔ بعض اوقات سوال کرنے والے کی نیت، اس کے حالات، پس منظر، اور مسئلے کے عملی نتائج جاننا بھی فتویٰ کے لیے ضروری ہوتا ہے؛ اس لیے مفتی کا اچھی طرح استفسار کرنا اور معلومات پوری کرنا حکمت اور بصیرت کا تقاضا ہے۔ جب فتویٰ تحقیق اور تدبر کے ساتھ دیا جاتا ہے تو وہ نہ صرف ادلہ شرعیہ کے مطابق ہوتا ہے بلکہ اس کے اثرات بھی درست اور فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔[30]

- **سوال کرنے والے کی نیت، حالات، اور ضروریات کی نوعیت کو واضح کر کے جواب مرتب کرے۔**

سوال کرنے والے کی نیت، اس کے حالات اور ضروریات کی نوعیت کو واضح کر کے جواب دینا ایک مفتی کی ذمہ داری کا بنیادی حصہ ہے، کیونکہ بہت سے شرعی احکام کا تعلق محض الفاظ سے نہیں بلکہ حالات وقرائن سے بھی ہوتا ہے۔ بسا اوقات دو افراد ایک ہی سوال پوچھتے ہیں لیکن ان کی نیت، ماحول، دینی سطح یا عملی مجبوریوں کا فرق ان کے حکم میں تبدیلی کا سبب بن جاتا ہے۔ اسی لیے مفتی کا یہ عمل نہایت حکمت کا متقاضی ہے کہ وہ جواب دینے سے پہلے یہ سمجھے کہ سوال کرنے والا اصل میں کیا چاہتا ہے،

[29]۔ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، کتاب الفتاوی، لاہور، زمزم پبلیشرز، 181/1

[30]۔ ڈاکٹر احمد محمد یوسف الدریوش، فتوی کے احکام وضوابط، اسلام آباد، شریعہ اکیڈمی، ص125

OPEN ACCESS

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

اس کے حالات کیا ہیں، اور فتویٰ اس کی زندگی میں کس طرح اثر انداز ہو گا۔ اس وضاحت کے بغیر فتویٰ یا تو غیر مؤثر ہوتا ہے یا غلط اطلاق کا باعث بنتا ہے۔ جب مفتی واضح تصویر سامنے رکھ کر فتویٰ دیتا ہے تو اس میں نہ صرف شرعی استقامت ہوتی ہے بلکہ خیر خواہی، آسانی اور انسانی ضرورتوں کا صحیح لحاظ بھی ملحوظ رہتا ہے۔[31]

- **فتویٰ دلائل کے ساتھ ہو، صرف نقل پر اکتفا نہ کرے۔**

فتویٰ کا محض کسی سابقہ قول یا عبارت کی نقل پر مبنی ہونا کافی نہیں، بلکہ اس کے ساتھ دلیل اور استدلال کا ہونا ضروری ہے تاکہ فتویٰ شریعت کی روح اور علمی اصولوں کے مطابق ثابت ہو سکے۔ صرف نقل کرنے سے فتویٰ جامد اور غیر تحقیقی بن جاتا ہے، جبکہ دلیل کے ساتھ فتویٰ دینے سے مسئلے کی حقیقت، حکم کی بنیاد اور اس کے پس منظر کی حکمت واضح ہوتی ہے۔ دلیل سے مراد یہ ہے کہ مفتی قرآن، سنت، اجماع، قیاس، قواعدِ فقہیہ یا معتبر فقہی اصولوں میں سے کسی بنیاد پر اپنا حکم واضح کرے اور یہ بتائے کہ اس حکم کا فقہی ماخذ کیا ہے۔ اس سے نہ صرف فتویٰ مضبوط اور پائیدار ہوتا ہے بلکہ سوال کرنے والا بھی علمی طور پر مطمئن ہوتا ہے اور اسے فتوے کے پیچھے شریعت کی منطق سمجھ میں آتی ہے۔ یہی طریقہ اہلِ علم کی میراث بھی ہے کہ وہ فتووں میں تحقیق، استدلال اور بصیرت کا طریقہ اختیار کرتے تھے، محض نقل پر انحصار نہیں کرتے تھے۔[32]

- **اگر کسی مسئلے میں عدمِ علم ہو تو بلا جھجک "لا أدري" کہہ دے، یہی دیانت ہے۔**

اگر کسی مسئلے میں علم نہ ہو تو بلا جھجک "لا أدري" کہنا مفتی کی دیانت، تقویٰ اور علمی ذمہ داری کا واضح ثبوت ہے۔ شریعت میں فتویٰ دینا ایک نہایت سنجیدہ امانت ہے، اور ایسے معاملے میں اندازے، گمان یا بے بنیاد رائے پیش کرنا نہ صرف گمراہی کا سبب بنتا ہے بلکہ شریعت کی غلط ترجمانی بھی شمار ہوتا ہے۔ اس لیے جب مفتی کسی مسئلے کے بارے میں یقینی علم نہ رکھتا ہو یا اس پر تحقیق مکمل نہ ہو تو "لا أدري" کہہ دینا دراصل اس کی اخلاقی پختگی، علمی احتیاط اور خوفِ خدا کی علامت ہے۔ قدیم فقہا اور ائمہ کرام کی سیرت میں یہ بات نمایاں ملتی ہے کہ وہ متعدد مسائل میں "لا أعلم" کہنے کو باعثِ عار نہیں سمجھتے تھے، بلکہ اسے علم کی بلندی قرار دیتے تھے۔ چنانچہ یہی رویہ مفتی کو غلط فتوے کے نقصان سے بچاتا ہے اور اس کے فتاویٰ کو معتبر، محتاط اور شرعی اصولوں کے مطابق بناتا ہے۔[33]

- **اپنے مکتبِ فکر کی حدود کے اندر رہے، مگر اختلافی مسائل میں وسعتِ نظر رکھے۔**

[31] ۔ ایضاً:، ص125

[32] ۔ ڈاکٹر احمد محمد یوسف الدریوش، فتوی کے احکام وضوابط، اسلام آباد، شریعہ اکیڈمی، ص126

[33] ۔ ایضاً: ص128

OPEN ACCESS
CC BY

مفتی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے مکتبِ فکر کی حدود میں رہتے ہوئے فتویٰ دے، تاکہ اس کی رائے شریعت اور فقہی روایت کے دائرہ کار میں مستحکم اور معتبر رہے۔ تاہم، اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ وہ اختلافی مسائل میں سخت یا تنگ نظری اختیار کرے۔ اختلافی مسائل میں وسعتِ نظر رکھنے کا تقاضا یہ ہے کہ مفتی دوسرے مکاتبِ فکر کے دلائل، اجتہادی نتائج اور موجودہ شرعی آراء کو بھی سمجھے اور ان کا احترام کرے۔ اس سے نہ صرف فتویٰ میں اعتدال پیدا ہوتا ہے بلکہ امت کے مختلف گروہوں کے درمیان اختلافات کم کرنے اور فہم و اصلاح کی راہ ہموار کرنے میں مدد ملتی ہے۔ وسعتِ نظر رکھنے والا مفتی یہ سمجھتا ہے کہ حقیقت کی تلاش میں اختلاف رحمت ہے اور شرعی اصولوں کی روشنی میں ہر مسئلے کا جائز اور قابلِ عمل حل ممکن ہے، جس سے فتویٰ نہ صرف علمی اعتبار سے مضبوط ہوتا ہے بلکہ عملی اور معاشرتی طور پر بھی مؤثر رہتا ہے۔[34]

- **اگر مسئلہ عدالت، حکومت یا ماہرینِ فن کی معاونت کا تقاضا کرے تو ماہرین سے رجوع کرے۔**

اگر کسی مسئلے میں عدالت، حکومت یا ماہرینِ فن کی معاونت ضروری ہو، تو مفتی کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ براہِ راست فتویٰ دینے کی بجائے متعلقہ ماہرین سے رجوع کرے۔ بعض مسائل، جیسے قانونی، مالی، طبّی یا تکنیکی امور، ایسے پہلو رکھتے ہیں جنہیں صرف فقہی علم سے مکمل طور پر سمجھنا ممکن نہیں۔ اس صورت میں ماہرین کی رائے سے مدد لینا شرعی اور عملی دونوں لحاظ سے درست اقدام ہے، کیونکہ یہ فتویٰ کو حقیقت کے قریب اور قابلِ عمل بناتا ہے۔ مفتی کی ذمہ داری صرف یہ نہیں کہ حکم دے بلکہ یہ بھی ہے کہ فتویٰ درست اور مستند ہو، اور اس کے اثرات معاشرتی، قانونی اور عملی اعتبار سے محفوظ رہیں۔ اس رجوع سے نہ صرف فتویٰ کی قوت اور صداقت بڑھتی ہے بلکہ سوال کرنے والے کو بھی ایک قابلِ اعتماد اور حقیقت پر مبنی جواب ملتا ہے، جو شرعی اور دنیاوی دونوں پہلوؤں کو مدِ نظر رکھتا ہو۔[35]

3۔ اخلاقی معیار

- **کردار میں تقویٰ، خوفِ خدا، دیانت، اور صدق نمایاں ہو۔**

[34]۔ ایضاً:، ص129

[35]۔ ڈاکٹر احمد محمد یوسف الدریوش، فتوی کے احکام وضوابط، اسلام آباد، شریعہ اکیڈمی، ص130

OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 4 (October-December 2025)
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published: December 02, 2025

مفتی کے کردار میں تقویٰ، خوفِ خدا، دیانت اور صدق کی نمایاں موجودگی اس کے فتوے کی اصل طاقت اور اعتبار کا محور ہے۔ تقویٰ مفتی کو ہر معاملے میں شرعی حدود کی پابندی کرنے کی ہدایت دیتا ہے، جبکہ خوفِ خدا اس کی نیت کو صاف اور فتویٰ دینے میں غلطی سے بچانے والا محافظ بنتا ہے۔ دیانت اور صدق اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ مفتی کسی ذاتی مفاد، لالچ یا سیاسی دباؤ کے تحت فتویٰ نہ دے اور سوال کرنے والے کے حق میں خیر خواہی اور سچائی کو مقدم رکھے۔ ایک ایسا مفتی جس کے کردار میں یہ صفات موجود ہوں، اس کے فتوے نہ صرف علمی اعتبار سے مضبوط ہوتے ہیں بلکہ معاشرتی اور اخلاقی طور پر بھی قابلِ اعتماد قرار پاتے ہیں، کیونکہ لوگ جانتے ہیں کہ اس کا حکم حق اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہے۔[36]

- **شہرت، سیاسی وابستگی، مالی لالچ یا گروہی مقاصد کے تحت فتویٰ نہ دے۔**

مفتی کے لیے لازم ہے کہ وہ فتویٰ دیتے وقت اپنی شہرت، سیاسی وابستگی، مالی لالچ یا کسی گروہی مفاد کے اثر میں نہ آئے۔ فتویٰ ایک امانت ہے جو براہِ راست شریعت، علم اور اخلاق پر مبنی ہوتا ہے، نہ کہ ذاتی مفاد یا سماجی دباؤ پر۔ اگر مفتی کسی بیرونی اثر، لالچ یا گروہی توقعات کے تحت فتویٰ دے تو اس کا حکم غیر منصفانہ، غیر مستند اور شرعی اصولوں کے منافی ہو سکتا ہے، جس سے امت میں غلط فہمی، انتشار یا معاشرتی نقصان پیدا ہو سکتا ہے۔ اسی لیے مفتی کی سب سے بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اپنا فتویٰ صرف حق، علم اور اللہ کی رضا کی نیت سے دے، تاکہ اس کا حکم معتبر، صاف اور ہر لحاظ سے قابلِ اعتماد ہو۔[37]

- **سوال کرنے والے کے ساتھ نرمی، احترام اور خیر خواہی سے پیش آئے۔**

